ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

آئی جی سندھ کا احسن اقدام۔

پولیس افسران و جوان آئندہ اپنی شکایات و مسائل ہیلپ لائن نمبر 1715 پر درج کراسکیں گے۔

کراچی09ستمبر2022؛۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی جانب سے سندھ پولیس کے افسران/ملازمان سمیت دیگر پولیس ملازمین کے لیئے مذید ایک احسن اقدام،جسکے تحت وہ آئندہ سے اپنی شکایات و مسائل نا صرف ہیلپ لائن نمبر 1715 پر درج کراسکیں گے بلکہ سی ایم ایس(آن لائن) igpcms.sindhpolice.gov.pk پر، ذریعہ واٹس ایپ نمبر 03362140181،ذریعہ ڈاک اور ای میل ایڈریس aigpcomplaints.cpo@sindhpolice.gov.pk پرارسال کرنیکے علاوہ بذات خود بھی پولیس آفیسرز فیسیلیٹیشن ڈیسک پر تشریف لاسکتے ہیں جہاں انکی رہنمائی اور معاونت سب انسپکٹر عبدالخالق انصاری موبائل نمبر 03002189100 تمام تر ضروری اقدامات کو پیش نظر رکھ کر کرینگے۔

علاوہ اذیں سندھ پولیس کے تمام افسران اور ملازمان اپنی شکایات و مسائل کی فوری ترسیل کے لیئے مندرجہ بالا ذرائع کے ساتھ ساتھ مذکورہ انچارج سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں تاکہ آپکے مسائل و مشکلات کا فوری اذالہ ممکن بنایا جاسکے۔مذید برآں پولیس افسران وملازمان کے مسائل و مشکلات سے آگاہی اور انھیں بروقت حل کرنیکے لیئے جلد ہی موبائل ایپ بھی متعارف کرائی جائیگی جو تقریباً تکمیل کے قریب ہے۔

;.;.;.;.;.;.